SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XXII مجریہ ۱۹۷۲

SINDH ORDINANCE NO.XXII OF 1972

مغربی پاکستان جوا سے روک تھام (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲

THE WEST PAKISTAN PREVENTION OF GAMBLING (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1972

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۱ کے مغربی پاکستان آرڈیننس I کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance I of 1961
۳۔ ۱۹۶۱ کے مغربی پاکستان آرڈیننس I کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of Section 3 of West Pakistan Ordinance I of 1961
۴۔ ۱۹۶۱ کے مغربی پاکستان آرڈیننس I میں دفعات ۱۱-A اور ۱۱-B کا اضافہ
Addition of Section 11-A and 11-B to West Pakistan Ordinance I of 1961
۵۔ لائسنس کا اجراع
Issue of license
۶۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

سندھ آرڈیننس نمبر XXII مجریہ ۱۹۷۲

SINDH ORDINANCE NO.XXII OF 1972

مغربی پاکستان جوا سے روک تھام (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲

THE WEST PAKISTAN PREVENTION OF GAMBLING (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1972

[۶ نومبر ۱۹۷۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان جوا سے روک تھام آرڈیننس، ۱۹۶۱ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان جوا سے روک تھام آرڈیننس، ۱۹۶۱ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان جوا سے روک تھام (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۱ کے مغربی پاکستان آرڈیننس I کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance I of 1961

۲۔ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان جوا سے روک تھام آرڈیننس، ۱۹۶۱ میں،

جس کو اس کے بعد بھی پرنسپل آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ میں، لفظ "ہنر" کے بعد الفاظ اور کاما "یا ایک لائسنس کے تحت قائم کردہ، سنبھالے ہوئے اور چلتے ہوئے ٹورسٹ کامپلیکس میں کھیلے جانے والے کھیل" شامل کیئے جائیں گے:

۱۹۶۱ کے مغربی پاکستان آرڈیننس I کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of West Pakistan Ordinance I of 1961

۳۔ پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۳ میں، شق (e) کے آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "اور" سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کی بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(f) 'ٹورسٹ کامپلیکس' سے مراد ایک خانگی عمارت یا اس کا حصہ جو میوزیکل تھیٹریکل پرفارمنس، تفریحات اور بیرون ملک واسیوں کے لیئے مختلف کھیل کھیلنے کے لیئے استعمال کیا جائے۔"۔

۱۹۶۱ کے مغربی پاکستان آرڈیننس I میں دفعات ۱۱-A اور ۱۱-B کا اضافہ

Addition of Section 11-A and 11-B to West Pakistan Ordinance I of 1961

۴۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۱۱ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعات شامل کی جائیں گی، یعنی:

لائسنس کا اجراع

Issue of license

"۱۱-A۔ حکومت ایسی شرائط پر ایک ٹورسٹ کامپلیکس قائم کرنے، سنبھالنے اور چلانے کے لیئے لائسنس جاری کر سکتی ہے، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۱۱-B۔ حکومت اس آرڈیننس کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے اور خاص طور پر مندرجہ ذیل کے لیئے:

(a) ٹورسٹ کامپلیکس کے لیئے لائسنس کی منظوری کے لیئے شرائط بیان کرنا؛

(b) ٹورسٹ کامپلیکس میں داخلوں کا انتظام کرنا؛

(c) ٹورسٹ کامپلیکس میں کھیلے جانے والے مختلف کھیلوں کا آپریشن۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔